
گیلپ اور گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 7 جنوری، 2026

## اسلام آباد میں کاروباری افراد کو درپیش سب سے بڑا مسئلہ ٹریفک کا رش (40%) ہے، اس کے بعد پانی اور سیوریج کے مسائل (38%) ہیں، جبکہ ایک تہائی کاروباری افراد نے بجلی کی لوڈشیڈنگ یا سڑکوں پر ناقص اسٹریٹ لائٹنگ (34% ) کا سامنا کرنے کی شکایت کی۔




مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں: 36 فیصد



گزشتہ 6 ماہ کے دوران آپ کو ذاتی طور پر درج ذیل میں سے کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ہے؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

## رائے عامہ سروے

## اسلام آباد کے کمرشل علاقے

## کاروباری افراد کو درپیش چیلنجز

**اسلام آباد میں کاروباری افراد کو درپیش سب سے بڑا مسئلہ ٹریفک کا رش (40%) ہے، اس کے بعد پانی اور سیوریج کے مسائل (38%) ہیں، جبکہ ایک تہائی کاروباری افراد نے بجلی کی لوڈشیڈنگ یا سڑکوں پر ناقص اسٹریٹ لائٹنگ (34%) کا سامنا کرنے کی شکایت کی۔**

**(گیلپ & گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 07 جنوری 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 40% کاروباری افراد نے بتایا کہ گزشتہ چھ ماہ کے دوران اُنہیں ذاتی طور پر ناقص منصوبہ بندی کی وجہ سے ٹریفک کے رش کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ اسلام آباد کے گنجان کاروباری علاقوں میں ٹریفک اور شہری منصوبہ بندی کے مسائل اب بھی موجود ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب اسلام آباد کے مختلف کاروباری مراکز میں کاروبار کرنے والوں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"گزشتہ 6 ماہ کے دوران آپ کو ذاتی طور پر درج ذیل میں سے کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 40% کاروباری افراد نے گزشتہ 6 ماہ کے دوران "ناقص منصوبہ بندی کی وجہ سے ٹریفک کے رش کا سامنا" کرنے کی اطلاع دی۔ 38% نے "پانی یا سیوریج کے مسائل" اور 34% نے "بجلی کی لوڈشیڈنگ یا اسٹریٹ لائٹنگ" کا سامنا کرنے کا بتایا۔ اس کے علاوہ، 32% کاروباری افراد نے "کوڑا کرکٹ کے ڈھیر جمع ہونے" کو مسئلہ قرار دیا، جبکہ 13% نے بتایا کہ انہیں "مقامی حکام کی جانب سے ہراسانی/ تنگ کیے جانے کا سامنا کرنا پڑا۔ دوسری جانب، 36% کاروباری افراد نے کہا کہ گزشتہ چھ ماہ کے دوران انہیں ان میں سے کسی بھی مسئلے کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

سروے کے نتائج سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام آباد کی کاروباری افراد کو ریگولیٹری دباؤ (یعنی قوانین کے دباؤ) کے بجائے انفراسٹرکچر اور شہری منصوبہ بندی کے مسائل درپیش ہیں۔ ٹریفک کے رش پر قابو پانا، پانی اور بجلی کی سہولیات کو بہتر بنانا، اور صفائی و نکاسیِ آب کے نظام کو مضبوط کرنا، دارالحکومت میں کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے کے لیے نہایت اہم ثابت ہو سکتا ہے۔

**"گزشتہ 6 ماہ کے دوران آپ کو ذاتی طور پر درج ذیل میں سے کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے اسلام آباد کے مختلف کاروباری مراکز میں کاروبار کرنے والے 432 افراد سے 22 جولائی 2025 تا 14 اکتوبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 07 January 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)